اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# تنظیمی اپڈیٹس کے فوائد اور ذرائع

درود شریف کی فضیلت

**فرمانِ مصطفٰی** صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم: جس نے مجھ پر ایک بار دُرُودِ پاک پڑھا، اللہ پاک اُس پر 10 رحمتیں بھیجتا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الحبیب! صلی اللہُ عَلٰی محمد

# اپڈیٹ رہنے کا انوکھا انداز

حضرت عُمَر فَارُوقِ اَعْظَم رضی اللہُ عنہ کا گھر مدینہ شریف سے کافی دور تھا، اس لئے آپ رضی اللہُ عنہ روزانہ بارگاہِ نبوّت میں حاضر نہ ہو سکتے، لہٰذا ایک دن اَہل وعَیال کی کفالت وغیرہ کے اِہتمام میں مصروف رہتے اور دوسرے دن بارگاہِ نبوّت میں حاضر ہو کر عِلْمِ دین سیکھنے میں بَسَر کرتے۔(1)

پیارے اسلامی بھائیو! دین اسلام کے منظم انداز سے پھلنے پھولنے کی ایک وجہ صحابۂ کِرام علیہمُ الرّضوان کا اپنی معلومات کو تازہ (اپڈیٹ) کرتے رہنا ہے، خواہ وہ اپڈیٹس معاشرتی معاملات کے متعلق ہوتیں یا اسلامی احکامات کی صورت میں، صحابۂ کِرام علیہمُ الرّضوان پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی طرف سے ملنے والی ہر خبر (News) سے باخبر (Update) رہنے کی کوشش کرتے جیسا کہ حضرتِ جابر بن عبد اللہ رضی اللہُ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے ایک صحابی رضی اللہُ عنہ سے ایسی حدیث

---

(1)... بخاری، کتاب العلم، باب التناوب فی العلم، ص 97، حدیث: 89 مفہوماً

پہنچی جو انہوں نے تو پیارے مصطفٰی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم سے سنی تھی لیکن میں نے نہیں سنی تھی۔ چنانچہ میں نے ایک اونٹ خرید کر اس پر اپنا کجاوہ باندھا اور ایک ماہ کی مسافت کے بعد میں مُلکِ شام ان کے پاس جا پہنچا۔ میں نے کہا: "مظالم کے متعلق مجھے ایک ایسی حدیث پہنچی ہے جسے آپ رضی اللہُ عنہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں اسے سننے سے پہلے مجھے یا آپ کو موت نہ آجائے۔"(1)

# اپڈیٹ رہنے کی ضرورت واہمیت

تحریک کا کام کرنے اور اس کو کامیاب بنانے کے لیے ضروری ہے تحریک سے اپڈیٹ رہا جائے، چاہے وہ اپڈیٹ تحریک کے اصول وضوابط کے متعلق ہو یا کسی کی ترقی کے متعلق تحریک کے افراد اس اپڈیٹ کو قبول کرتے ہوئے اس کے مطابق کام کریں اور اسے کامیاب اور مزید بلندیوں تک پہنچانے میں ایک اہم کردار ادا کریں۔ آیئے ملاحظہ کرتے ہیں کہ تحریک سے اپڈیٹ رہنے کے کونسے ذرائع ہو سکتے ہیں؟ نیز اپڈیٹ رہنے کے ساتھ کیا کیا تنظیمی فوائد حاصل ہو سکتے ہیں؟

# اپڈیٹ رہنے کے چند ذرائع

- ذمہ داران کے ساتھ براہِ راست تعلق کو مضبوط کیا جائے، ان سے ملاقات کی جائے، مدنی مشوروں میں شرکت کو یقینی بنایا جائے۔
- تنظیمی کتب ورسائل کا مطالعہ کیا جائے، خاص طور پر ماہانہ جاری ہونے والا **نیوز لیٹر** پڑھا جائے۔
- **اجتماعات میں شرکت** (مثلاً ہفتہ وار اجتماع، بڑی راتوں کے اجتماعات وغیرہ)۔

(1)...اتحاف السادۃ المتقین، کتاب ذکر الموت ومابعدہ، الشطر الثانی، صفۃ الخصماء...الخ، 14 / 483، ملتقطاً

- **مدنی چینل** روزانہ دیکھنے کا معمول بنایا جائے۔
- اَلحمدُ لِلّٰہ! عاشقانِ رسول کی دینی تحریک دعوت اسلامی بھی بذریعہ مدنی چینل دینِ متین کی خدمات سر انجام دے رہی ہے جو مدنی چینل پر 4 زبانوں (اردو، عربی، انگلش اور بنگلہ) میں نشریات چل رہی ہوتی ہیں، مدنی چینل پر آپ **مدنی خبروں کے ذریعے** تحریک سے اپڈیٹ رہ سکتے ہیں۔
- دعوتِ اسلامی کی **ویب سائٹس** (Websites) کا وزٹ کیا جائے، ممکن ہو تو ویب سائٹس کا نوٹیفیکیشن (Notification) بھی آن (On) کر لیا جائے تا کہ ویب سائٹس پر ہر آنے والی نئی چیز کا نوٹیفیکیشن آپ کو مل جائے اور آپ اس سے بروقت اپڈیٹ ہو سکیں۔
- دعوتِ اسلامی کی موبائل (Mobile) یا ڈیسک ٹاپ (Desktop) ایپس (Apps) کو استعمال کیا جائے۔ مثلاً مدنی چینل ایپ کو استعمال کیا جاسکتا ہے جو آڈیو (Audio) اور ویڈیو (Videos) دونوں طرح سنا اور دیکھا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ دینی کتب پر مشتمل اپلی کیشنز (Applications) مثلاً اسلامک ای بک لائبریری (islamic ebook library) رِیڈ اینڈ لِسَن (Read and listen islamic books) وغیرہ میں موجود تنظیمی کتب ورسائل کے مطالعہ سے بھی اپڈیٹ رہا جاسکتا ہے۔

نوٹ: ان تمام Apps کو Update بھی کیا جاتا ہے۔ جبکہ آسانی کے لیے ایک ایپ بنام Dawateislami Digital Services بھی تیار کی گئی ہے۔ جس میں دعوت اسلامی کی تمام ایپس اور سوشل میڈیا لنکس موجود ہیں۔ اس سے بھی فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

- دعوتِ اسلامی کے سوشل میڈیا (Social Media) پلیٹ فارمز کو استعمال کیا جائے۔ جیسے کہ یوٹیوب (Youtube)، فیس بک (Facebook)، انسٹاگرام

(Instagram)، ٹویٹر (Twitter) اور واٹس ایپ (Whatsapp) وغیرہ پر موجود چینلز، پیجز (Pages) اور اکاؤنٹس کا وزٹ کیا جائے اور ان میں بھی نوٹیفکیشن آن کر کے بر وقت اپڈیٹ خبر (Update News) حاصل کی جائے۔سوشل میڈیا فالوورز (Social Media Followers) کی تعداد تقریباً پونے 5 کروڑ (40.75M) ہے۔

## تنظیمی اپڈیٹس کے فوائد

✿ نئی تنظیمی اصطلاحات کا علم ✿ نئے تنظیمی کتب و رسائل کا علم ✿ تنظیمی ذمہ داری میں تبدیلی اور نئی تقرری کا علم ✿ تنظیمی کاموں کے طریقہ کار میں تبدیلی کا علم ✿ تنظیم کے تحت ہونیوالے مدنی کورسز کی معلومات ✿ تنظیمی پیغامات کا علم ✿ تنظیم کے تحت منعقد ہونے والے اجتماعات کے مقامات کا علم ✿ تنظیم کے تحت ہونے والی نئی تعمیرات کا علم نئے شروع ہونے والے جامعات المدینہ / مدارس المدینہ وغیرہ ✿ نئے بننے والے مدنی مراکز فیضانِ مدینہ، مساجدِ دعوتِ اسلامی وغیرہ ✿ نئی تنظیمی اپلی کیشنز (Applications) کا علم ✿ نئے تنظیمی شعبہ جات کے قیام کا علم ✿ تنظیمی مسائل و موضوعات سے متعلق جاری ہونے والے نئے فتاویٰ جات کا علم ✿ تنظیم کے تحت ہونے والے فلاحی کاموں مثلاً FGRF کی مختلف اپڈیٹس کی معلومات۔

## چند شعبہ جات کی اپڈیٹس

- دعوتِ اسلامی کے 11 **ہزار سے زائد** اِدارے (جامعات المدینہ، مدارس المدینہ وغیرہ) قائم ہو چکے ہیں۔
- دعوتِ اسلامی کے اِداروں میں پڑھنے والے اسٹوڈنٹس کی تعداد **تقریباً 8 لاکھ** ہے۔

## جنوری تا مارچ 2023ء

- **شعبہ مدنی کورسز:** اس شعبے کے تحت پاکستان میں تقریباً 5 ہزار 48 مختلف مدنی کورسز کروائے گئے جن میں کورس کرنے والوں کی تعداد تقریباً 1 لاکھ 45 ہزار 37 ہے۔
- **شعبہ روحانی علاج:** روحانی علاج کے تقریباً 2 ہزار 65 **بستوں** سے اوسطاً 6 لاکھ 15 ہزار سے زائد مریضوں کا روحانی علاج کیا گیا۔ (یعنی تعویذات، اوراد و وظائف دیے گئے)۔
- **دارالافتاء اہلسنت** کی طرف سے ماہانہ کم و بیش 14 ہزار **سوالات** کے جوابات مختلف انداز سے دیے جاتے ہیں۔ (مثلاً بالمشافہ، تحریری طور پر، بذریعہ فون کال، واٹس ایپ، ای میل وغیرہ)۔
- **ہفتہ وار اجتماع** (اسلامی بھائی): پاکستان میں اسلامی بھائیوں کے 596 **ہفتہ وار اجتماعات** ہو رہے ہیں جن میں شرکت کرنے والوں کی اوسطاً تعداد تقریباً 1 لاکھ 32 ہزار سے زائد ہے۔
- **ہفتہ وار اجتماع** (اسلامی بہنیں): پاکستان میں اسلامی بہنوں کے 10 ہزار 42 **ہفتہ وار اجتماعات** ہو رہے ہیں جن میں شرکت کرنے والیوں کی اوسطاً تعداد تقریباً 3 لاکھ 36 ہزار 930 ہے۔
- **مدرسۃ المدینہ بالغان:** پاکستان میں **مدرسۃ المدینہ بالغان** کی تعداد تقریباً 45 ہزار 600 سے زیادہ ہے اور ان میں پڑھنے والوں کی اوسطاً تعداد تقریباً 2 لاکھ 49 ہزار سے زائد ہے۔
- **مدرسۃ المدینہ بالغات:** پاکستان میں **مدرسۃ المدینہ بالغات** کی تعداد تقریباً 8 ہزار 900 سے زیادہ ہے جبکہ ان میں پڑھنے والیوں کی اوسطاً تعداد تقریباً 89 ہزار 500 سے زائد ہے۔